اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۴۰۲۱۴۱۵-۰۳۲۱۔ صفحات: ۲۶۳۔ قیمت: درج نہیں۔[ہندستان میں قرآن کریم کی تفسیر وتشریح، فہم اور قرآنی تعلیمات کی اشاعت کے لیے مثالی کام ہوا ہے۔ زیرنظر کتاب اس کے جائزے پر مبنی ہے۔ سرسیّد احمد خاں کی تفسیر اور مابعد تفاسیر کا جائزہ، بیسویں صدی میں عربی میں تفسیر وعلومِ قرآنی کا تعارف، برعظیم پاک و ہند کے معروف مفسرین قرآن کی تفسیری خدمات، اور آخر میں گذشتہ دوعشروں میں قرآنی موضوعات پر شائع ہونے والی اہم تصانیف کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ اپنے موضوع پر جامع کتاب۔ اس سے قبل بھارت سے شائع ہوچکی ہے (تفصیلی تبصرے کے لیے دیکھیے: ترجمان القرآن، فروری ۲۰۱۱ء)۔]

◉ **ربیع الاوّل کے واقعات**، پروفیسر عبدالجبار شاکر۔ ناشر: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۲۰۳۱۸-۰۴۲۔ صفحات: ۴۷۔ قیمت: درج نہیں۔[یکم ربیع الاوّل پہلی ہجری کو نبی کریمؐ کا غارِ ثور سے مدینہ کی طرف سفرِ ہجرت کا آغاز، اور ۱۲ربیع الاوّل ۱۱ہجری کو وصالِ رسولؐ، اور اس دوران تقویمِ اسلامی کے مختلف سالوں میں ماہِ ربیع الاوّل میں پیش آنے والے دیگر تاریخی واقعات کا مختصر تذکرہ جو پروفیسر عبدالجبار شاکر کی ریڈیائی تقاریر پر مشتمل ہے۔ سیرتِ رسولؐ اور تاریخ اسلام کا منفرد مطالعہ۔]

◉ **پیارے نبیؐ کی پیاری مسکراہٹیں**، پروفیسر ڈاکٹر محمد مشتاق کالوٹا۔ ناشر: زم زم پبلشرز، شاہ زیب سنٹر نزد مقدس مسجد، اُردو بازار، کراچی۔ فون: ۳۲۷۲۵۶۷۳-۰۲۱۔ صفحات: ۱۶۳۔ قیمت: ۲۶۰ روپے۔[مزاح، خوش طبعی یا مذاق انسانی شخصیت کا حصہ ہے۔ نبی کریمؐ غلبہ دین کے کٹھن فریضے کی ادایگی کے باوجود صحابہ کرامؓ سے مزاح فرماتے تھے۔ احادیث اور کتبِ سیرت سے آپؐ کے مزاح کے واقعات کے تذکرے سے آدابِ مزاح اور آپؐ کا اسوہ پیش کرتے ہوئے نسلِ نو کی ذہن سازی اور تربیت کا سامان کیا گیا ہے۔ پیش کش دل کش ہے۔]

◉ **پاکستان اور سیکولرازم**، احمد امام شفق ہاشمی۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ڈی-۳۵، بلاک-۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: ۸۰۔ قیمت: ۹۰ روپے۔[پاکستان کی نظریاتی اساس اور تہذیبی شناخت کو منہدم کرنے کے لیے مغربی دانش وراور میڈیا کے ساتھ ساتھ پاکستان کے نام نہاد لبرل دانش وراور قلم کار بھی سرگرمِ عمل ہیں، اور حقائق اور تاریخ کو مسخ کرکے قوم بالخصوص نئی نسل کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کتاب میں مختصراً تحریکِ پاکستان کے اصل مقاصد اور آزادی کی جدوجہد کی صحیح تصویر کے ساتھ سیکولر عناصر کے اعتراضات کا مدلل جواب فراہم کیا گیا ہے۔ سیکولرازم اور نظریۂ پاکستان کے حوالے سے ایک اہم، مختصر اور جامع کتاب۔]

◉ **پاک فضائیہ کا شاہین**، ظہورالدین بٹ۔ ناشر: ادارہ ادب اطفال، رحمٰن مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۸۰۰۷۸۹-۰۴۲۔ صفحات: ۶۶۔ قیمت: ۴۰ روپے۔[نئی نسل کو اس کے ہیروز اور تاریخ سے آگاہی کے لیے مصنف نے 'نشانِ حیدر' سیرز کے تحت ناول لکھے ہیں۔ پاک فضائیہ کا شاہین راشد منہاس شہید کی شخصیت اور کارہائے نمایاں پر مبنی اسی سلسلے کا ایک ناول ہے۔ نوجوانوں اور بچوں کے لیے معلوماتی اور دل چسپ ناول۔]